8802 ـ ملازمت تلاش كرنے والوں كے حالات دريافت كرنا

سوال

ميں ايك ذمہ دار كے آفس ميں ملازم ہوں، يہ افسر بعض اوقات مجھے ان اشخاص كے متعلق پوچھتا ہے جو اس كے آفس ميں ملازمت كے ليے آتے ہيں، يا جو اشخاص اس ادارہ ميں ملازم ہيں ان كے اخلاق، اور صلاحيتوں اور مہارت كے متعلق دريافت كرتا رہتا ہے، تو كيا ميرے ليے يہ كام كرنا جائز ہے، فتوى ديكر عند اللہ ماجور ہوں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

آپ سچائى اور صدق كو سامنے ركھ كر اور جھوٹ و كذب بيانى اور دھوكہ سے بچتے ہوئے يہ كام كر سكتے ہيں؛ كيونكہ صدق و سچائى اور اخلاص كے ساتھ اس كام كو نيكى و بھلائى اور تقوى و پرہيزگارى ميں تعاون شمار كيا جائے گا، اور يہ نصيحت كے باب ميں سے ہے، اللہ تعالى سب كو توفيق عطا فرمائے .